**Roll No.** ____________ امیدوار خود پُر کرے

HSSC-(P-II)-A-2024
**(For All Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ

(گروپ-II)

نمبر 80

(حصہ اوّل)

2۔(الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کیجیے۔نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (8+1+1=10)

سر بہ سر مہر و مُروّت، سر بہ سر صدق و صفا
سر بہ سر لطف و عنایت، سر بہ سر، خیر البشرؐ
صاحبِ خُلقِ عظیم و صاحبِ لطفِ عمیم
صاحبِ حق، صاحبِ شق القمر، خیر البشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (3+3+3+1=10)

نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا
ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا
آخر کو ہو کے لالہ اُگا نو بہار میں
خونِ شہید عشق نہ زیرِ زمیں رہا

(حصہ دوم)

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔تشریح سے پہلے سیاق و سباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) اقبالؒ نے آکر اسلامی و مغربی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا، جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی و اجتماعی نشو و نما ہے۔اقبالؒ کا خیال ہے کہ انسان اطاعت، ضبطِ نفس اور نیابت الٰہی کی تین منزلیں طے کرتا ہوا خودی کی انتہائی بلندی پر پہنچ سکتا ہے۔اس ارتقا میں اسے مذہب کی رہنمائی درکار ہے۔

(ب) کراچی والے دریائے کابل کی وسعت کا اندازہ کرنا چاہیں تو اس گندے نالے کو دیکھ لیں جو نہ جانے کہاں سے آتا ہے اور کہاں جاتا ہے لیکن ویمن کالج کے پاس سے گزرتا ہے۔فرق اس نالے اور دریائے کابل میں یہ ہے کہ اس نالے کا پانی نسبتاً صاف ہے اور اس میں اتنی زیادہ بو نہیں آتی۔پانی کی مقدار بھی آج کل تو اسی نالے میں زیادہ ہے۔ہاں گرمیوں میں سنا ہے برف پگھلتی ہے تو دریائے کابل کی ناطاقتی کچھ دور ہو جاتی ہے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1=10)

(الف): پہلی فتح     (ب): ایوب عباسی

5. مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کھیلوں کی افادیت    (ii) منشیات ایک معاشرتی روگ    (iii) میرا نصب العین

7. مدیر کے نام خط لکھ کر مہنگائی اور اس کے مسائل پر اظہارِ خیال کیجیے۔ (10)